پُر ہجوم پریس کانفرنس سے خطاب بھی کیا۔ وہاں سے فارغ ہوئے تو جامع مسجد دار العلوم میں مولانا سمیع الحق کی اقتدار میں نماز ظہر ادا کی۔ نماز کے بعد مسجد، صحن اور دار العلوم کے اطراف لوگوں کے جم غفیر سے بھر چکے تھے جامع مسجد دار العلوم میں جلسہ عام کا اہتمام کیا گیا تھا، اجلاس کا آغاز قاری صفی اللہ معاویہ کی تلاوت کلام پاک سے ہوا، مولانا عبدالقیوم حقانی نے سٹیج سیکرٹری کے فرائض انجام دیئے دار العلوم کے پرنسپل قائد جمعیۃ مولانا سمیع الحق نے مہمانوں کو اپنے خطاب میں خوش آمدید کہا اور جہاد افغانستان کے پس منظر، مستقبل اور موجودہ صورتحال پر مفصل خطاب فرمایا اس کے بعد ضیاء الحق فاؤنڈیشن کے چیئرمین وفاقی وزیر جناب اعجاز الحق نے خطاب کیا آخری خطاب آزاد اسلامی افغانستان کے رئیس جناب برہان الدین ربانی کا تھا انہوں نے اپنے خطاب میں جہاد افغانستان میں دار العلوم حقانیہ کی مرکزیت و کردار، فضلاء کی قربانیوں، بانی مرحوم اور ان کے جانشین کے کردار کو سراہا۔

○ ۲۳ رمضان المبارک دار العلوم میں جاری دورۂ تفسیر کی دار الحدیث میں اختتامی تقریب منعقد ہوئی، شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد فرید مدظلہ نے آخری دو سورتوں کا درس دیا، باقاعدہ داخل شدہ پونے تین سو طلبہ میں سندات تقسیم ہوئیں اس موقع پر دار العلوم کے بانیین، متعلقین، معاونین، عامۃ المسلمین اور عالم اسلام کے اتحاد اور غلبہ کے لیے دعائیں کی گئیں۔

○ معاہدہ اسلام آباد کے آخری مرحلہ میں پاکستانی سربراہ اور وزراء اور افغان قائدین کے ساتھ دار العلوم کے مہتمم حضرت مولانا سمیع الحق مدظلہ بھی سعودی عرب تشریف لے گئے جہاں انہوں نے سعودی فرمانروا شاہ فہد اور دیگر زعماء کے ساتھ معاہدہ اسلام آباد سے متعلق آخری اور حساس مراحل کی مشاورت میں شرکت کی اور حرمین شریفین کی زیارت کی سعادت بھی حاصل کی۔ دوسرے روز افغان قائدین کے ہمراہ ایران تشریف لے گئے جہاں صدر رفسنجانی اور دیگر زعماء سے مسئلہ افغانستان پر تبادلہ خیال کیا۔

○ ۶ اپریل، ملک کے معروف اور بزرگ سیاستدان نوابزادہ نصر اللہ، مولانا کوثر نیازی اور جناب منظور احمد گچگی، مولانا سمیع الحق سے ذاتی مراسم کی وجہ سے دار العلوم حقانیہ تشریف لائے حضرت مہتمم مدظلہ کی معیت میں دار العلوم کے تمام شعبہ جات کا معائنہ کیا، ملک کے سیاسی اور بدلتے ہوئے حالات پر تبادلہ خیال کیا تین گھنٹے تک مولانا سمیع الحق کے ساتھ رہے مولانا سمیع الحق نے انہیں اپنی قیام گاہ پر ضیافت بھی دی اس موقع پر حضرت مہتمم نے ماہنامہ الحق کے شیخ الحدیث نمبر سمیت موتمر المصنفین کی مختلف مطبوعات بھی ان کی خدمت میں پیش کیں۔

○ حضرت مہتمم مدظلہ کی ذاتی دلچسپی اور بھرپور مساعی سے بحمد للہ دار العلوم کے سامنے سڑک کے کنارے خالی پلاٹوں پر چمن بندیاں، چار دیواریاں، خاردار بنگلے اور متعلقہ تعمیری کام مکمل ہو چکا ہے چمن بندی کی اس